کتب خانہ سرکاری

V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵۴	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۱ء	نمبر ۴۹

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری بابتہ مقرر کئے جانے ممبر سب کمیٹی تربیت جسمانی سیدلطیف احمد صاحب	۲
۲	منظوری تاتمام اسکیل سب اور سیران وغیرہ محکمۂ اہتمام	۲و۳
۳	منظوری ترمیم بہ دفعہ ۸، ۷ قواعد رخصت ملازمان ۱۹۳۶ء	۳
۴	روبکار بسلسلۂ انتظام سفر کان پور اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۳و۴
۵	منظوری انتظام کار عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بایام روانگی ہمراہ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۴
۶	منظوری تجویز تنخواہ وآؤٹ فٹ الاؤنس وغیرہ برائے کیڈیٹ اہر ڈیکر سکنہ رامپور تفضل الغفوری	۵
۷	منظوری تقرر شرافت خاں بعہدہ کیڈیٹ سکنہ رامپور	۵
۸	توسیع مدت ڈیپوٹیشن فارسٹ آفیسر صاحب مستعار الخدمت	۵و۶

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ سید ظریف احمد صاحب کو سب کمیٹی تربیت جسمانی کا ممبر مقرر کیا جانا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

سید ظریف احمد صاحب سکریٹری برائے اسکاوٹ ایسوسی ایشن کو شعبہ تعلیمات کے مشاورتی بورڈ کی سب کمیٹی تربیت جسمانی میں ممبر مقرر فرمائے جانے کی منظوری کے لئے عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے رپورٹ کی ہے کاغذ بذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ ترقیم مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تقرر ممبر مذکور شرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

تجویز دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

حکم

واقع ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

بعد ملاحظہ رپورٹ تجویز منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر ۳۱۱

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۹ ستمبر ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بخلاصہ پیش ہوئی کہ سب اورسیران علاقہ دار۔ دیہان۔ اور پٹرول کے محکمہ انہار کے گریڈ تو منظور ہو چکے ہیں۔ لیکن اسوقت تک انکے اضافہ گریڈ کی مدت کا تعین نہ ہونے کے باعث مستحق ملازمان کو باوجود رقم اضافہ بجٹ میں مہیا ہونے کے اضافہ گریڈ نہیں دلایا جا سکا ہے۔ لہذا ٹائم اسکیل کی منظوری قابل صدور ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں صیغہ فنانس نے عہدہ جات مذکور کے لئے مندرجہ ذیل ٹائم اسکیل و مناسب قائم کئے جانے سے اتفاق کیا ہے۔

سب اورسیران علاقہ دار، دیہان	ہر پانچ سال کے بعد اضافہ گریڈ حسب شرائط سابق گریڈ اسکیم منظور شدہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

پٹرول ۲۵ فیصدی بشرح عـہ ماہانہ۔ ۲۵ فیصدی بشرح گیارہ روپیہ ماہانہ ۲۵ فیصدی بشرح ۱۵ ماہانہ ۲۵ فیصدی بشرح عـہ ماہانہ بشرائط مثل قرارداد ملازمان دیہی منظور شدہ اجلاس ہمایوں صادرہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۰ء

اور تجویز کیا ہے کہ چونکہ یہ ٹائم اسکیل گریڈ اسکیم

جزو ہے اس لئے اس کا نفاذ تاریخ نفاذ گریڈ اسکیم سے ہونا چاہیئے۔ چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسۂ مذکور میں حسب صراحت تجویز صیغۂ فائنانس، عہدہ جات مذکورہ کا تا تکمیل از تاریخ نفاذ گریڈ اسکیم منظور کئے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترمیم مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

حکم :-　　واقع ۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

بصراحت رپورٹ ترمیم منظور رہے۔ سررشتۂ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۳۱۴

اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　　　　　میرسانند

جناب عالی

سررشتۂ انسپکٹری مدارس سے تحریک ہوئی کہ مدارس کے سقے اور خاکروب سروس سیلکشن بورڈ سے مستثنیٰ ہو چکے ہیں لیکن ان کے تقرر میں حسب منشا دفعہ ۸ قواعد رخصت ۱۸ سال سے ۲۵ سال تک کی عمر کی پابندی سخت مشکلات پیدا کر رہی ہے۔ لہذا خاکروب۔ سقہ۔ آبکش، محافظ۔ مالی اور کہار کو دفعہ ۸ کی قید سے مستثنیٰ فرمایا جائے تو مناسب ہے۔ چنانچہ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے صیغۂ فائنانس سے مشورہ طلب کیا۔ اس سلسلہ میں عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے بنظر سہولت کار بجائے سررشتۂ تعلیم کے کل صیغہ جات ریاست کے مندرجہ بالا ملازمان کا لحاظ کرتے ہوئے قواعد رخصت ملازمان ریاست رامپور ۱۹۳۰ء کی دفعہ ۸ میں حسب ذیل ترمیم تجویز کی۔

دفعہ ۸ کے تحت مستثنیات کے ضمن (الف) سے الفاظ " و ملازمان ادنیٰ " حذف کئے جائیں۔ اور مندرجہ ذیل عبارت بطور ضمن (د) ایزاد کی جائے۔

(د) جملہ صیغہ جات ریاست کے سائیس۔ مالی۔ قلی بہشتی۔ بھنگی۔ کہار۔ چوکیدار اور چاکر فیلخانہ و گاؤخانہ۔

چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسۂ منعقدہ ۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء میں ترمیم معروضۂ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترمیم مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۷ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

روبکار :-　　واقع ۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

ما بدولت و اقبال ۱۹ اکتوبر کی شام کو نقل و حرکت فرمائے کانپور ہوں گے۔ ۱۹ اکتوبر کی شام کو ۱۰ بجے روانگی ہوگی۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ عالیمرتبت

صاحب ہوم منسٹر بہادر۔ عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج قانون سازی صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام عالیمرتبت صاحب ریونیو فائنانس منسٹر بہادر۔ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا کام اُنکے ماتحت سکریٹری صاحبان بہادر متعلقہ (کوئی اہم ضرورت ہو تو عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر سے حکم حاصل کریں) عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج قانونسازی و اسٹیٹ ایڈوکیٹ کا کام مولوی بشیر احمد خاں اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ اور صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

نوٹ:- عدالت چیف مجسٹریٹی کا کام مسٹر محمد اسلم خاں اڈیشنل چیف مجسٹریٹ انجام دینگے۔

(۲) اجلاس ہمایوں کے کاغذات پر عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کو "بائی آرڈر" دستخط کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔

(۳) اگر اس عرصہ میں کوئی غیر معمولی واقعہ پیش آجائے تو ذریعہ تار یا ٹیلیفون حکم حاصل کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۱ء

سفر کانپور کے متعلق ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو روبکار صادر ہوا ہے۔ چونکہ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا اپریشن ہوگا۔ اور وہ ۱۷ اکتوبر کو بغرض اپریشن لاہور جائیں گے۔ اسلئے وہ ہمارے ہمرکاب کانپور نہ جاسکیں گے۔ ۱۷ اکتوبر سے تا صحت اُنکی رخصت منظور ہوگی۔ زمانہ رخصت میں اُنکا کام عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر علاوہ کار متعلقہ انجام دینگے۔

عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر آٹھ دس روز کے لئے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے ہمراہ لاہور جائیں گے۔ چونکہ ڈاکٹر سید ظریف حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل ۱۷ اکتوبر کو ہمارے ہمرکاب کانپور جارہے ہیں اور ۱۹ اکتوبر کو واپس آجائیں گے۔ لہذا ڈاکٹر سید ظریف حسین صاحب کی غیرموجودگی میں عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر اور سپرنٹنڈنٹ جیل کا کام ڈاکٹر عبدالحفیظ صاحب اسسٹنٹ سرجن انجام دینگے۔ کانپور سے واپس آکر عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کا کام ڈاکٹر ظریف حسین صاحب علاوہ کار متعلقہ انجام دینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم

واقع ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۱ء

حکم:-

مراتب مندرجہ یادداشت کی منظوری دیجاتی ہے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم

اعلیحضرت بندگانحضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

صاحب ملٹری ایڈوائزر نے بذریعہ تار اطلاع دی ہے کہ کیڈٹ امیر ڈے کو سکنڈ رامپور رتیفنی انفنٹری کو ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے شروع ہونیوالے کورس میں جگہ دی گئی ہے۔ کیڈٹ صاحب کو ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو مہو پہونچ جانا چاہیئے۔ لہذا ترتیواً مستدعی ہے کہ حسب ذیل امورات کی منظوری بجنگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

(۱) کیڈٹ صاحب کو ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے مبلغ تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ تا اختتام کورس مثل دیگر کیڈٹس کے دیجائے۔

(۲) مبلغ تین سو روپیہ بابت اوٹ فٹ الاؤنس سکنڈ رامپور رتیفنی انفنٹری کے بجٹ متعلقہ سے ادا کئے جائیں

(۳) کیڈٹ صاحب کو مبلغ دو سو پچاس روپیہ مثل دیگر کیڈٹس کے صیغہ فائنانس کے فنڈ قرضہ خرید سواری وتعمیر مکانات سے بطور قرض دیئے جائیں۔ یہ رقم کیڈٹ صاحب کی تنخواہ سے پچاس روپیہ ماہوار کی قسط سے وصول ہوگی۔ زیادہ حد ادب۔

دولت واقبال جاوید باد۔

دستخط عالیمرتبت جناب [illegible] سکریٹری [illegible] ۱۹۲۱ء

روبکار:-
واقع ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۱ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ شریف محمد خاں ولدیت محمد خاں ساکن رامپور کو سکنڈ رامپور رتیفنی انفنٹری میں ایمرجنسی کمیشن کے لئے کیڈٹ بھرتی کئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- (مسودہ)
واقع یکم اگست ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ۔ عبدالعلیم خاں صاحب فارسٹ آفیسر مستعار الخدمت کی مدت ڈیپوٹیشن میں ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے چھ ماہ کی توسیع بشرائط سابقہ منظور ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر نمبر ۱۹۳

اعلیحضرت بندگانحضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ عبدالعلیم خاں صاحب فارسٹ آفیسر مستعار الخدمت کا تقرر بحکم اجلاس ہمایوں مرقومہ ۲۶ دسمبر ۱۹۲۰ء از ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۰ء ایک سال کے لئے منظور فرمایا گیا ہے

جس کی مدت ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء کو ختم ہوگی۔ چونکہ
مرزا محمد محسن برلاس ٹریننگ حاصل کرکے آگئے ہیں
اور ضرورت ہے کہ وہ چھ ماہ تک فارسٹ آفیسر صاحب
کی زیر نگرانی خدمات انجام دے کر تجربہ حاصل
کریں۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ فارسٹ آفیسر
صاحب کی مدت ڈیپوٹیشن میں ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء
سے چھ ماہ کی توسیع بشرائط سابقہ منظور فرمائی جائے

اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۸ جولائی
سنہ ۱۹۲۱ء میں تجویز توسیع مدت ڈیپوٹیشن سے اتفاق
کرلیا ہے۔ لہذا ملتجی و مستدعی ہے کہ پیشگاہ حضور
سے حکم منظوری مشرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب
دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

گورنمنٹ سے منظوری موصول ہوگئی۔ سررشتہ مد
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام
کاغذات دارالانشاء واپس کئے جائیں۔ ایک
نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

14th October, 1941

On the days of Jumma-tul-alwida and I'd-ul-fitr only all Officers and Ranks who will not be on duty are permitted to wear 'Mufti' clothes.

Sd/

Nawab of Rampur.

No. 375

Original forwarded to the Army Headquarters for record and necessary action.

Copies to:—

The Hon'ble Chief Minister.
The Hon'ble Revenue & Finance Minister.
The Hon'ble Minister I/C Legislature.
The Hon'ble Military Secretary.
The Private Secretary.
The Assistant Military Secretary.
The Ijlas-i-Humayun.
The State Press, for publication in the State Gazette.

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

14th October, 1941

During hot weather all Officers on the Staff shall wear gorget patches on shirts and bush shirts, and also badges of their designation on the right arms.

Sd.

GENERAL,
Nawab of Rampur.

No. 384

Original forwarded to Army Head Quarters for record and necessary action.

Copies to:—

1. Hon'ble Col. B.H. Zaidi, Chief Minister.
2. Hon'ble Military Secretary.
3. Hon'ble Col. M.J. Qurreshi, C.M.O.
4. Hon'ble Major Hori Lall Varma, Minister Incharge, Legislature.
5. Private Secretary.
6. Assistant Military Secretary.
7. Ijlas-i-Humayun.
8. State Press, for publication in State Gazette.

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

14th October, 1941

With effect from 22nd October, 1941, all Officers on the Staff and Regular Army, as well as the Ranks shall wear winter-clothing while on duty.

Sd.

GENERAL,
Nawab of Rampur.

No. 392

Original forwarded to Army Head Quarters for record and necessary action.

Copies to:—

1. Hon'ble Col. B. H. Zaidi, Chief Minister.
2. Hon'ble Military Secretary.
3. Hon'ble Col. M. J. Qureshi, C. M. O.
4. Hon'ble Major Hori Lall Varma, Minister Incharge, Legislature.
5. Private Secretary.
6. Assistant Military Secretary.
7. Ijlas-i-Humayun.
8. State Press, for publication in State Gazette.